HANGOR SAGA
A TRIBUTE TO OUR
SILENT WARRIORS

آبدوز ہنگور کا واقعہ نہ ہم بھولے ہیں اور نہ ہی ہمارا دشمن بھول سکتا ہے، سربراہ پاک بحریہ

اسلام آباد: نیول چیف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی کا کہنا ہے کہ آبدوز ہنگور نے کرپان کو مفلوج کرکے تاریخ رقم کی تھی ، نہ ہم یہ دن بھولے ہیں اور نہ ہی ہمارا دشمن بھول سکتا ہے۔

تفصیلات کے مطابق گولڈن جوبلی ہنگور ڈے پر نیول چیف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 50 سال قبل آبدوز ہنگور نے بھارتی جہاز کُکری کو سمندر برد کیا۔

نیول چیف کا کہنا تھا کہ آبدوز ہنگور نے کرپان کو مفلوج کرکے تاریخ رقم کی تھی، جنگ عظیم دوئم کے بعد آبدوز سے بحری جہاز تباہ کرنے کا پہلا واقعہ ہے، نہ ہم یہ دن بھولے ہیں اور نہ ہی ہمارا دشمن بھول سکتا ہے۔

ایڈمرل محمدامجدخان نیازی نے کہا کہ واقعہ حربی تکنیکی مہارت کی بہترین مثال ہے اور پاک بحریہ کےغیر متزلزل عزم کابھی عملی نمونہ ہے، یہ دن ہمیں ہنگور کے عملے کی بہادری، استقامت اور جذبے کی یاد دلاتا ہے۔

ان کا کہنا تھا کہ پیشہ وارانہ مہارت ،لگن کے ذریعے تمام مشکلات کا مقابلہ کرسکتے ہیں اور اپنی سرحدی سالمیت کومحفوظ رکھ سکتے ہیں۔

سربراہ پاک بحریہ نے کہا کہ آبدوزوں کے حصول کا منصوبہ سرفہرست ہے، مستقبل میں 8 ہنگور کلاس آبدوزیں ہنگور کی میراث کو آگے لیکر چلیں گی، پانچویں ہنگور کلاس آبدوز کا نام پاک بحریہ آبدوز تسنیم رکھا جائے گا۔

ایڈمرل محمدامجدخان نیازی نے بتایا کہ نئی آبدوز تاریخی واقعے کی آبدوز ہنگور کے کمانڈنگ آفیسرکےنام پرہے، فلیٹ

اورسب میرین اسکواڈرن کو شاندار خدمات پرمبارکبادپیش کرتا ہوں، مادر وطن کی حفاظت کےلیےتمام خطرات سےنمٹنےکے لیے تیار ہیں۔

یاد رہے سنہ 1971 کی پاک بھارت جنگ میں بھارتی بحریہ کو ناکوں چنے چبوانے والی آب دوز کی یاد میں آج ' ہنگور ڈے' منایا جارہاہے

0307-8162003